نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز 40لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کے ہدف کا حصول 31 مئی تک یقینی بنائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 28 مئی 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز 40لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کے ہدف کا حصول 31 مئی تک ہر صورت یقینی بنائیں جس سے 65لاکھ گانٹھوں کا حصول متوقع ہوگا جو ملکی معیشت کا پہیہ چلانے میں مددگار ثابت ہوگا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر کپاس کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کی جائے۔اس ضمن میں اگیتی اور موسمی کاشتہ کپاس کی دیکھ بھال کے لیے علیحدہ علیحدہ ٹیکنیکل ایڈوائزری جاری کی جائے۔کپاس کے علاقوں میں فیلڈ فارمیشنز کو بوائی سے چنائی تک کاشتکاروں کی راہنمائی کے لیےان کے شانہ بشانہ رہنے کی واضح ہدایات دی جا چکی ہیں۔ کپاس کی کاشت کے متعلق درست اعداد و شمار تیار کیے جائیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے واضح کیا کہ کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کے سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کی سرگرمیوں کی ڈیجیٹائزڈ مانیٹرنگ بھی کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی کاشت اور پیداوار کاہدف ایک چیلنجنگ ٹاسک ہے جسے ہر صورت مکمل کیاجائے گا۔

☆☆☆☆